بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا اللہ جل جلالہ

یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

فاسئلوا اهل الذكر ان كنتم لا تعلمون ۝

سیفِ احمد علی

برگردنِ

دُشمنِ نبی صلی اللہ علیہ وسلم

پیر طریقت، رہبر شریعت، آفتاب ہدایت

حضرت علامہ سید احمد علی شاہ سیفی نقشبندی

مترجم

میاں ظاہر شاہ قادری

ایم اے اسلامیات، آنرزان عربک و پرشین و فاضل تنظیم المدارس و فاضل درس نظامی

ناشر

شعبۂ نشر و اشاعت

جامعہ امام ربّانی مجدّد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ

بالمقابل پیٹرول پمپ، فقیر کالونی، اورنگی ٹاؤن، کراچی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فَسْئَلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝

سیفِ احمد علی

برگردنِ

دشمنِ نبی ﷺ

پیرِ طریقت، رہبرِ شریعت، آفتابِ ہدایت

حضرت علامہ سید احمد علی شاہ سیفی نقشبندی

مترجم

میاں ظاہر شاہ قادری

ایم اے اسلامیات، آنرز ان عربک و پرشین و فاضل تنظیم المدارس و فاضل درسِ نظامی

ناشر

شعبۂ نشر و اشاعت

جامعہ امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ

بالمقابل پیٹرول پمپ، فقیر کالونی، اورنگی ٹاؤن، کراچی

جملہ حقوق محفوظ

نام کتاب.............. سیف احمد علی بر گردن دشمن نبی ﷺ

نام مولف.............. پیر طریقت رہبر شریعت حضرت علامہ

سید احمد علی شاہ نقشبندی سیفی

نام مترجم.............. میاں ظاہر شاہ قادری مدنی

اشاعت اول.............. نومبر 2007ء

طباعت.............. جمیل برادرز (0332-2316946)

ناشر.............. جامعہ امام ربانی مجدد الف ثانی

فقیر کالونی اورنگی ٹاؤن کراچی

ہدیہ.............. روپے

فہرست

بسم اللہ الرحمان الرحیم

الحمد للہ الذی جعل النبی للعالمین نذیرا و جعل عدوہ فی العالمین الاخسرینا والصلوۃ والسلام علی محمد ﷺ صاحب لواء الحمد وسراجا منیرا وعلی آلہ واصحابہ ھم للرسول قرینا اما بعد فقیر کے دوست واخی حضرۃ العلامہ پیر طریقت مولانا سید احمد علی شاہ نقشبندی مدظلہ العالی نے اپنی کتاب جو حضور انور ﷺ کے توہین کرنے والوں کے لئے تازیانہ تیار کیا تھا اور یہ عربی زبان میں تھا فقیر کو اردو میں ترجمہ کرنے کے لئے ارشاد فرمایا فقیر نے غنیمت جان کر اس کا ترجمہ شروع کیا جو قارین کے ہاتھوں میں موجود ہے اللہ تعالیٰ سے ابتدا اور انتہاء ہے **و باللہ التوفیق و الیہ انیب۔** توہین کرنے ولے کی توبہ قبول نہیں پہلا مقصد: وہ دلائل جو توہین کرنے والے پر کفر کے حکم اور عدم قبول توبہ اور قتل کرنے کے متعلق کے بارے میں ہیں۔ حضور ﷺ کے وصال فرمانے کے بعد احکام دین تین ہیں۔ ایک دلیل ان میں سے اللہ تعالیٰ کی کتاب قرآن

مقدس ہے۔ دوسری دلیل احادیث نبویہ ﷺ ہیں اور تیسری دلیل
امت مرحومہ کا اجماع ہے۔ کتاب اللہ: اللہ تعالیٰ کا ارشاد مبارک ہے

ان الذین یوءذون اللہ و رسولہ لعنھم اللہ فی الدنیا والاخرۃ واعدلھم عذاب عظیم

بے شک وہ لوگ جو اللہ اور اس کے رسول کو تکلیف دیتے ہیں تو دنیا آخرت میں اُن پر لعنت ہے اور ان کے لئے بڑا عذاب تیار کیا گیا ہے۔

۲۔ **والذین یوئذون رسول اللہ لھم عذاب الیم** ۔ جو لوگ اللہ تعالیٰ کے رسول کو تکلیف دیتے ہیں اُن کے لئے دردناک عذاب ہے ۔ **ملعونین اینما ثقفوا اخذوا وقتلوا تقتیلا الخ** جہاں یہ پائے جائینگے ان پر لعنت ہے ان پر لعنت ہے ان کو پکڑ و اور ان کو قتل کرو ۔ **فھذہ الایات نزل علی کفرہ وقتلہ والاذیٰ ھو الشر الخفیف فان زاد کان ضررا کذا قال الخطابی وغیرہ اہ (رسائل شامی ج ۱ ص ۳۱۶ . ۳۱۷)** یہ آیات مبارکہ سابی کے قتل اور تکلیف کے متعلق نازل ہوئیں ہیں یہ ایک خفیف شر ہے اگر یہ زیادہ ہوا تو یہ دین کے لئے مضر ہے۔ ایسا ہی خطابی نے

فرمایا ہے۔

٤ : ان الذین کفروا بعد ایمانهم ثم ازدادوا کفرا لن تقبل توبتهم الخ فان قیل ان اقواله تعالیٰ : ۱۔ توبوا الی الله الایه ۲ :وهوالذی یقبل التوبة عن عباده الخ ۳ : قابل التوب الایة وغیرہا بے شک جو کافر ہوئے ہیں ایمان کے بعد پھران کا کفر زیادہ ہوا تو ان کی توبہ ہرگز قبول نہ ہوگی۔ اگر کوئی سوال کرے کہ اللہ تعالیٰ کے یہ اقوال مثلاً اللہ تعالیٰ کے لئے توبہ کرو یا اللہ وہی ذات ہے کہ اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے۔ یا اللہ تعالیٰ توبہ کو قبول کرنے والا ہے وغیرہ آیات مبارک ہیں۔ یہ اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ سب کرنے والے کی توبہ قبول ہے ۔ تو ہم ان سوالات کے جوابات اس طرح دیتے ہیں کہ سب سے پہلے کہ سب کرنے والے کی توبہ کے چار اجزاء ہیں۔ ۱: جو پہلے اس سے ہو چکا ہو اس پر شرمندہ ہو

۲: فی الحال اس معصیت یعنی گناہ کے بیخ کندی کرے۔

۳: اور یہ ارادہ کرے کہ آئندہ پھر اس پر دوبارہ مرتکب نہ ہو۔

۴: اور جو صاحب حق ہو ان کا حق تسلیم کرے۔ شامی مین باب الکراہت

اورخازن ومدارک، صارم المسلول ۲۹۲ء میں یہ باتیں ذکر ہیں۔ اور اس میں کوئی شک نہیں کہ چوتھے جزء توبہ مذکورہ میں سے وہ کسی بات کا مستحق نہیں ہے۔ سب کرنے والے کی توبہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال کے بعد اور اللہ تعالیٰ کے بندوں کے حقوق کو نہیں بخشا جیسا کہ تفاسیر میں یہ بات ذکر ہے۔ اور جیسا کہ جلالین اور بیضاوی اور خازن ومدارک میں ہیں۔ امت کے لئے جائز نہیں کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حق کو معاف کردے جیسا کہ صارم المسلول میں اس کے جوابات درج ہیں وہ یہاں نقل کیا جائے گا۔ ان سولات کے جوابات کا حاصل یہ ہے کہ سب کرنے والے کی توبہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال کے بعد یہ شرعی توبہ میں شامل نہیں اس لئے کہ اس میں چوتھا جزء نہیں ہے۔

دوسرا جواب یہ ہے کہ ان آیات مذکورہ میں وہ اپنے حال پر باقی نہیں بلکہ یہ بعض کے لئے مخصوص ہوئی ہے اس قول پر ان لوگوں کے لئے توبہ قبول نہیں جو برے اعمال کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ کو موت آجائے اور کہتے ہیں کہ میں نے اب توبہ کی اور توبہ قبول نہیں ان لوگوں کے لئے کہ مر جائے اور وہ حالت کفر پر ہونگے ان کے لئے ہم نے دردناک عذاب تیار کیا ہے۔ (سورہ انساء) پھر سب کرنے والا خاص ہے اس طرح ان آیات

سے جو پہلے آیات میں ذکر کر چکے ہیں اور احادیث نبویہ اور اجماع امت کے متعلق ہم وضاحت کرتے ہیں ۔ احادیث نبویہ اس کے متعلق بہت زیادہ ہیں ان میں سے بعض ہم ذکر کرینگے ۱: جب واقعہ افک میں خطبہ دیا گیا اور عبداللہ بن ابی بن سلول نے عذر پیش کی تو آپ نے فرمایا کہ وہ شخص مجھے کیا عذر پیش کرے گا جو میرے اہل کے متعلق مجھے تکلیف پہنچاتی ہے۔ تو سعد بن معاذ نے کہا سید الاوس سے تعلق رکھتا ہے۔ میں اس کے لئے آپ سے عذر کرتا ہوں اگر یہ اوس کے قبیلہ سے ہوتا تو میں اس کا گردن مارتا اور اگر یہ ہمارے بھائیوں خزرج قبیلہ سے ہوتا اور آپ ہمیں حکم دیتے تو ہم آپ کا حکم پورا کرتے ۔ (اس کو بخاری اور مسلم نے روایت کہا ہے) استدلال کی توجیہ یہ ہے کہ سعد بن معاذ کا قول اس بات پر صریح ہے کہ ان کے نزدیک یہ معلوم ہو چکا تھا کہ جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تکلیف پہنچائے اس کا قتل ضروری ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس پر اقرار کیا اور اس پر انکار نہیں فرمایا اور یہ بھی نہ فرمایا کہ اس کا قتل جائز نہیں ۔ (رسائل شامی ج ا ص ۳۱۷) ۲: بے شک حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں کو بلایا کہ ابن الاشرف کو قتل کر دیں کیونکہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تکلیف پہنچاتا تھا اور اس طرح وہ حکم فرماتا اس شخص پر جو اس کی توہین کرتا

یا اس کا ہجوہ کرتا سوا ان لوگوں کے جو آپ نے درگزر فرمایا ہے۔ (الصارم المسلول ص ۲۸۲) حضرت عکرمہ سے روایت ہے کہ جب ابن ابی سرح اسلام کی طرف واپس ہوا فتح مکہ سے پہلے اس وقت جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم الی طرف تشریف لے گئے ۔ اور وہ آپ کے سامنے آیا تو اس نے حضور ﷺ نے حضرت عثمانؓ کو کہا کہ حضور ﷺ کے سامنے حاضر ہونے سے پہلے سفارش ہو جائے اس لئے کہ میرا جرم بہت بڑا ہے اور اب میں توبہ کر کے حاضر ہوا ہوں۔ اور اس کا توبہ اسلام سے مرتد ہونے کے بعد ہے۔ پھر دوبارہ فتح مکہ کے بعد حضور انور ﷺ کے پاس آئے تو حضور ﷺ چاہتے تھے کہ مسلمانوں میں سے کہ اس مرتد کو مار ڈالے اور اس نے انتظار کیا اس کا خیال تھا کہ کوئی ہم سے اس کو قتل کرے۔ اب یہ بات واضح ہوا کہ اس کا قتل جائز تھا اسلام کے بعد (الصارم المسلول ص ۳۳۶)

۴: بے شک حضور ﷺ نے حکم فرمایا تھا کہ جو اس پر جھوٹ بولے بغیر استتابت کے یعنی اس کی توبہ قبول نہ کیا جائے اور ہم نے یہ بھی ذکر کیا کہ اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ سب کرنے والے کو قتل کیا جائے ہمارے لئے اس سلسلہ میں برابر ہے کہ ہم حدیث کو ظاہر پر محمول کریں یا اس پر حمل کریں کہ جس نے آپ پر جھوٹ بولا (الصارم المسلول ص ۳۳۶)

۵: حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جس نے نبی کی توہین کی اس کو قتل کرو۔ اس کو ابو محمد الخلال نے اور ابو القاسم ارجی اور ابوذر ابھروی وعبد العزیز بن الحسن نے نقل کیا ہے۔ اگر یہ حدیث محفوظ ہو تو اس بات کی دلیل ہے کہ جس کسی نے نبی ﷺ کی توہین کی اس کا قتل واجب ہے۔ اور ظاہر تو یہ دلالت کرتا ہے کہ اس کو قتل کیا جائے کیونکہ یہ قتل اس کے لئے حد ہے (الصارم المسلول ص ۹۳ ورسایل شامی ج ۱ ص ۳۱۷) اور ایسا ہی شعبی کی حدیث میں ہے کہ حضور ﷺ نے اس شخص پر قتل کا حکم ارشاد فرمایا تھا جس نے مال غنیمت میں غزا کے مال کی تقسیم میں طعن کیا تھا تو اس شخص کی توبہ قبول نہیں کی۔ (الصارم المسلول ص ۳۳۶)

حضرت ابی برزہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کے سامنے توہین کی میں نے کہا کہ میں اس کو قتل کروں تو انھوں نے مجھے قتل کرنے سے روکا اور اس نے کہا کہ یہ حکم حضور ﷺ کے وصال کے بعد نہیں۔ اس روایت کو نسائی اور ابوداود نے صحیح اسناد کے ساتھ نقل کیا ہے۔ اس قول تک، یہ اس پر دال ہے کہ نبی کی توہین کرنے والے کو قتل کیا جائے گا اس قول کے قایلین پوری جماعت ہے ان میں سے ابوداؤد، واسماعیل بن اسحاق قاضی اور ابوبکر عبد العزیز اور قاضی ابی لیلٰی وغیرہ علماء اس پر قایل ہیں کہ بے شک حضور

ﷺ کی توہین کرنے والے کو مارے اور بعض نے سخت بھی کہا ہے۔ تو اس کے لئے یہ حکم ہے کہ اس کو قتل کیا جائے تا کہ لوگوں کو اس کے سبب کا پتہ لگے اور اس کا خون جائز ہے۔ اور لوگوں کے لئے بھی اس کا اقتداء کرنا ضروری ہے۔

۴: حضرت ابو بکر صدیق سے مروی حدیث شریف میں بھی ذکر ہے کہ جب ابو برزہ نے اس سے اجازت طلب کی کہ اس شخص کو مارے جس نے توہین کی اور توبہ بھی نہ کی ہو تو آپ نے جواب میں فرمایا کہ یہ حکم حضور ﷺ کے وصال کے بعد نہیں ہے۔ توہین کرنے والے کے لئے قتل ہے۔

(الصارم المسلول ص ۳۳۶)

توہین کے متعلق صحابہ کرامؓ کے اقوال

اس باب میں توہین کرنے والے کو قتل کرنے میں یہ نصوص واقع ہیں کہ انھوں نے اس شخص کے قتل کرنے کے لئے یہ معین کئے تھے مثلاً قول عمرو بن عباس وابی بکر الصدیق و ابن عمر رضی اللہ عنھم (الـ ۲۸۲) حضور ﷺ نے قتل کا حکم فرمایا تھا ان عورتوں پر جو اپنی زبانوں میں برا بھلا کہتیں تھیں اور قتل کرنے میں کس سے توبہ قبول نہیں کیا گیا۔ حالانکہ حربی کافرہ عورت کا قتل

بیعت کے لئے لوگوں کو بلایا تو حضرت عثمان آئے یہاں تک کہ حضور ﷺ
کے ہاں کھڑے ہوئے تو اس نے عرض کیا یارسول اللہ عبداللہ سے بھی بیعت
لے آپ نے اپنے سر مبارک کو اٹھایا اور اس کی طرف ناراضگی سے دیکھا تمام
کے لئے اس طرح انکار کیا پھر انکار پھر ان تینوں کے بعد اس سے بیعت لے
لی پھر اپنے اصحاب کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا تم میں کوئی ہدایت والا شخص
نہیں کہ اس کی طرف اٹھے جب اس نے مجھے دیکھا تو میں نے بیعت موقوف
کی کہ اس کو قتل کر ڈالے انھوں نے عرض کیا کہ ہم نہیں جانتے یارسول اللہ
(صلی اللہ علیک وسلم) تمھارے دل میں کیا ہے مگر یہ کہ آپ نے ہماری طرف
اشارہ کیا تو آپ نے فرمایا کہ یہ جائز نہیں کسی نبی کے لئے کہ کسی چیز میں وہ
خیانت کرے۔ الحدیث اس حدیث کو ابوداؤد اور نسائی نے نقل کی ہے۔
اسماعیل السدی اور سباط بن نصر ان دونوں کو مسلم نے نقل کیا ہے ان دونوں میں
کلام ہے۔ لیکن تمام اہل تواریخ کے نزدیک یہ حدیث بہت مشہور ہے۔
ابی سرح حضور ﷺ کے وحی لکھتے تھے پھر مرتد ہو کر مشرک ہوا تو اس نے کہا
کہ میں نے محمد ﷺ کو اس طرح ٹھرایا جہاں میں چاہتا تھا کہ وہ میرا یہ قول
تھا عزیز حکیم ہے۔ اس نے کہا کہ ہاں یہ تمام حق تھا۔ تو فتح مکہ کے بعد اسکے قتل پر
حکم ارشاد فرمایا اور ایک جماعت نے قتل کیا ان میں سے وہ بھی تھا کہ وہ پہلے

مسلمان تھا پھر مرتد ہوا جیسا کہ ابی سرح۔ مرتد ہونے کے بعد وہ مل گیا جو اس نے حضور ﷺ کے حق میں کہا تھا اس وجہ سے حضور ﷺ نے اس کا خون بہا یا۔ یہاں تک کہ حضرت عثمان رضی آیا اور اس نے بیعت کی تو یہ بلا شک دلیل ہوا کہ توہین کرنے والے کا قتل ضروری ہے اور یہ کی دلیل ہے اس کا کفر بہت سخت ہے (رسائل شامی ج ۱ ۳۱۷) اور اس میں کوئی شک نہیں کہ حدیث میں توبہ قبول کرنا نہیں ہے مسلمان کے حق میں اور جن کا حق ہے اس کے لئے معاف کرنا جائز ہے نہ کہ دوسرے کے لئے۔

اجماع امت

اجماع امت کے متعلق مندرجہ ذیل عبارات میں ذکر ہیں۔

۱: ابن مندر نے فرمایا کہ تمام علماء کا اس پر اجماع ہے کہ حضور ﷺ کے توہین کرنے والے کے لئے یہ حد ہے کہ اس کو قتل کیا جائے۔ (رسایل شامی ۳۱۶ ۴ الصارم ۴)

۲: قاضی عیاض نے فرمایا کہ اُمت کا اس پر اجماع ہے جو آپ کی تنقیص کرے یا توہین کرے اُس کو قتل کیا جائے۔ (رسایل شامی ج ۱ ص ۳۱۶ و الصارم ص ۵) ۳: ابو بکر فارسی جو اصاحب شافعی میں سے ہے اس سے یہ

قول نقل ہے کہ مسلمانوں کا اس پر اجماع ہے کہ جو کوئی نبی ﷺ کی توہین کرے اس کا حد یہ ہے کہ اُس کو قتل کیا جائے۔ (رسایل شامی ج ۱ ص ۳۱۶ والصارم المسلول ص ۴) ۴: محمد بن سحنون نے فرمایا کہ علماء کا اس پر اجماع ہے کہ حضور ﷺ کو گالیاں دینے والا یا اس کی تنقیص کرنے والا کافر ہے اور وعید اس پر جاری ہے اللہ تعالیٰ کے عذاب کا مستحق ہے اور جو کوئی اس کے کفر اور عذاب میں شک کرے وہ بھی کافر ہے ۔ (رسایل شامی ج ۱ ص ۳۱۶ والصارم المسلول ص ۵) ۔۵: خطابی نے فرمایا کہ میں یہ بات کو نہیں جانتا کہ مسلمانوں میں سے کو اس میں اختلاف کرتا ہے کہ توہین کرنے والے کو قتل نہ کیا جائے خواہ وہ مسلمان کیوں نہ ہو ۔ (رسائل شامی ج ۱ والصارم المسلول ص ۵) ۶: اسحاق بن راہویہ نے فرمایا اور وہ بڑے آئمہ میں بھی شامل ہے۔ کہ مسلمانوں کا اس پر اجماع ہے کہ جو کوئی اللہ تعالیٰ کی توہین کرتا ہے یا حضور ﷺ کی توہین کرے یا اللہ تعالیٰ کے نازل شدہ احکامات میں کچھ کو تسلیم نہ کرے یا کسی نبی کو شہید کرے تو کافر ہے اگر چہ اس کا ایمان قرآن پر کیوں نہ ہو۔ (رسائل شامی ص ۳۱۶ والصارم المسلول)

۷: ہمارے ان نقول سے یہ ثابت ہوا کہ توہین کرنے والے کے قتل پر اجماع ہے (رسائل شامی ج ۱ ص ۳۱۶) اجماع میں بہت سے فوائد ہیں ۔ان میں

پہلا فائدہ یہ ہے کہ اس پر امت کا اجماع ہے ۔ دوسرا فائدہ یہ ہے کہ قتل کی علت توہین ہے نہ کہ مرتد ہونا اور اس کا اضافت توہین کی طرف ہے۔ تیسرا فائدہ یہ ہے کہ صحابہ کرامؓ اور تابعین امت میں داخل ہیں۔

دوسرا مقصد

توہین کرنے والے کی توبہ کے متعلق

قسم اول: وہ تین اقوال جو توہین کرنے والے کے متعلق ہیں اور اس میں راجح قول ہے اس کا بیان ا: جان لو کہ توہین کرنے والے کے متعلق احناف نے ہمارے لئے تحریر کیا ہے اس میں تین اقوال ہیں۔ پہلا قول یہ کہ توہین کرنے کی توبہ قبول کیا جائے اور اس کے لئے قتل ہے لیکن اگر وہ کرے تو اس کی توبہ قبول کی جائی گی یہ روایت ابوولید کا ہے اس نے امام مالک سے یہ نقل کیا ہے۔ اور یہ ابی حذیفہ اور اس کے ہم خیال سے نقل ہے اور اس پر مذاہب ثلاثہ نے تصریح کی ہے۔ جیسا کہ قاضی عیاض نے شفاء میں نقل کیا ہے اور طبری اور ابن تیمیہ اور تقی الدین السبکی نے اور امام یوسف نے کتاب الخراج اور کتاب النتف و شرح طحاوی ان تمام نے نقل کئے ہیں۔ (تنبیہ الولاۃ والحکام ج ۱ ص ۳۴۲) صاحب چلپی نے فرمایا ہے کہ تین دن تک اس کی توبہ قبول کی جائی گی اور ہر دن اس کو توبہ کے متعلق کہا جائے گا۔ اگر

اس نے ان تین دن میں توبہ کی تو ٹھیک ہے ورنہ اس کو قتل کیا جائے گا۔ (باب الجزیۃ ج ۱، زاد اللبیب کلمات الکفر ص ۱۳۷) تیسرا قول یہ ہے کہ اس کی توبہ کو قبول کیا جائے یہ تب ہوگا کہ حاکم کو یہ رپوٹ نہ دیا ہو ۔ اور نہ اس کے بعد ، اس کو محقق ابوالسعود آفندی العماری نے ذکر کیا ہے۔ اور شیخ علاء الدین نے درمختار میں اس کو قبول کیا ہے اوران دو قولوں میں فرق ہے۔ (تنبیہ الولاۃ والحکام ج ۱ ص ۳۴۳) صاحب چلپی نے یہ بھی فرمایا ہے کہ بعض نے یہ بھی کہا ہے کہ اللہ کے نزدیک اس کی توبہ فائدہ دے گی لیکن اس سے قتل موقوف نہ ہوگا (باب الجزیۃ ج ۱ و زاد اللبیب کلمات الکفر ۱۳۷) اس اختلاف کی وجہ سے ضروری ہے کہ ترجیح والے قول پر عمل کیا جائے تو میں کہتا ہوں کہ یہ دوسرا قول راجح ہے ۔ اس کے چند وجوہات ہیں پہلی وجہ یہ ہے کہ توہین کرنے والے کی توبہ قبول نہیں اور یہ قول مفتی بہ اور مختار ہے غنیۃ میں فرمایا گیا ہے ذوی الاحکام اور مختار قول فتویٰ میں یہ ہے کہ اس کی توبہ قبول نہ کی جائے۔ (سیف الجلی ص ۴) نور الہدیٰ میں فرمایا گیا ہے کہ جس نے نبی کی توہین کی اس قول تک کہ وہ کافر ہوا اور یہ قتل کا مستحق ہے اس پر فتویٰ ہے۔ حسب المفتین ۔ (سیف الجلی ص ۷) امام شعرانیؒ نے فرمایا ہے کہ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک اس کی توبہ قبول نہیں۔ (سیف الجلی ص ۲۰) رسم المفتی درمختار میں ہے کہ جب کسی روایت میں لفظ بہ یفتی یا وعلیہ الفتویٰ ہو تو اس کے مخالف قول پر عمل نہیں کیا جاتا ہے۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ توہین کرنے والے کی توبہ قبول نہیں یہ مذہب ابوبکر صدیقؓ و امام اعظمؒ اور امام ثوریؒ واہل کوفہ کا ہے۔ ایسا ہی الدرالحکام میں اور (سیف الجلی ص ۴) میں ہے۔ فتح القدیر میں ہے وہ کہتے ہیں کہ توہین کرنے والے کا قتل واجب ہے اور اس کی توبہ قبول نہ کی جائے یہ مذہب اہل کوفہ و مالکؒ کا ہے اور حضرت ابوبکر صدیقؓ سے بھی نقل ہے۔ (سیف الجلی ص ۳) حامدیہ میں ہے اگر توہین کرنے والے نے توبہ کی تو اس میں اختلاف ہے لیکن مشہور مذہب یہ ہے کہ اس کو حد کی وجہ سے قتل کیا جائے۔ (سیف الجلی ص ۹) فتاوی خیریہ میں ہے اگر کسی نے نشہ کے حالت میں حضور ﷺ کی توہین کی تو اس کو معاف نہیں کیا جائے اور حد کی وجہ سے اس کو قتل کیا جائے اور یہ مذہب ابوبکر صدیقؓ اور امام اعظمؒ کا ہے۔ (سیف الجلی ص ۱۰) تیسری وجہ یہ ہے کہ توہین کرنے والے کی توبہ قبول کی جائے یہ ظاہر الروایۃ ہے ذخیرۃ العقبیٰ میں فرمایا ہے کہ مبسوط میں عثمان بن کنانہ سے روایت ہے۔ کہ جس نے نبی ﷺ کی توہین کی اس کو قتل کیا جائے اور اس کی توبہ نہ لیا جائے اور بادشاہ وقت کو چاہیے کہ اس کو پھانسی دے یا قتل کردے (سیف الجلی ص ۴) مبسوط میں یہی مذکور بالا عبارت ہے۔ فتاوی نورالھدیٰ میں ہے اور امام محمد کی کتاب میں ہے اس نے فرمایا کہ جس نے حضور ﷺ کی توہین کی یا کسی اور نبی کی توہین کی خواہ وہ توہین کرنے والا مسلمان ہو یا

کافر اس کو قتل کیا جائے اور توبہ نہ لی جائے دونوں اس کے نگاہ میں ایک ہے۔
(سیف الحنفی ص ۹) میں کہتا ہوں کہ مبسوط کے الفاظ جو ذخیرۃ العقبیٰ میں ہے یہ
تفسیر ہے لفظ کتاب محمد کا جو نور اہدیٰ میں ذکر ہے اور تفسیر ہے لفظ مبسوط کا جو ذخیرۃ
العقبیٰ میں ہے وہ مبسوط میں ہے اور جب اس پر اس کا اطلاق کیا جائے تو اس
سے مراد مبسوط امام محمد ہوگا ۔ اور اس سے مراد امام سرخسی شیخ الاسلام کی کتاب
مبسوط مراد نہیں ہے تو ظاہر الروایۃ سے ثابت ہوا کہ اس کی توبہ نہ لی جائے۔
چوتھی وجہ یہ ہے کہ توہین کرنے والے کی توبہ قبول نہ کی جائے تو یہ عربی میں لفظ
عند سے تعبیر کیا جاتا ہے جو مذہب کے عرف میں وضع ہے۔ فتح القدیر میں ہے
پھر اس کو حد کی وجہ سے قتل کیا جائے اور توبہ کی وجہ سے قتل کو ساقط نہ کیا جائے۔
(سیف الحنفی ص ۳) شمس الہدایۃ میں ہے۔ ہمارے ہاں یہ مشہور ہے کہ توبہ
سے اس کی سزا ساقط نہیں ہوتی حدود کی طرح (سیف الحنفی ص ۱۰) کشف الغمہ
میں کہ امام ابو حنیفہؒ اور ان کے اصحاب اور سفیان ثوریؒ اور اوزاعیؒ کے نزدیک
فتویٰ اس پر ہے کہ اس سے توبہ نہ لی جائے (سیف الحنفی ص ۷) امام شعرانی
نے فرمایا کہ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک توبہ نہ لی جائے۔ (سیف الحنفی ص ۲۰)
پانچویں وجہ یہ ہے کہ توہین کرنے والے کی توبہ نہ لی جائے یہ قول مشہور ہے
شمس الہدایہ میں ہے کہ یہ قول ہمارے نزدیک مشہور ہے۔ جیسا کہ یہ ذکر ہوا

وجہ رابع یہ ہے۔ حامد یہ میں ہے کہ مشہور مذہب مندرجہ بالا قول ہے۔ جیسا کہ
دوسری وجہ میں نقل ہوا۔ فتاویٰ خیریہ میں ہے یہ مسئلہ مشہور کتب میں ذکر ہے اور
غنیۃ میں بسط کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے۔ چھٹی وجہ یہ ہے۔ کہ عدم قبول توبہ اس کو
اہل اجتہاد والوں نے نقل کیا ہے جیسا کہ امام محمد نے مبسوط شریف میں اور امام
منصور ماتریدی نے نقل کیا ہے ایسا ہی تذکرۃ الابرار والاشرار میں ذکر کیا ہے۔
اور صاحب محیط نے جیسا کہ خلاصۃ الفتاویٰ میں نقل ہے اور فتاویٰ مالابدمنہ میں
ہے کہ صاحب خلاصۃ الفتاویٰ اور امام ابن ہمام ومحیط وفتاویٰ مالابدمنہ اور کتاب
ابی منصور ماتریدی وتذکرۃ الابرار والاشرار وغیرہ میں نقل ہے۔ آٹھویں وجہ یہ
یہ ہے کہ عدم قبول توبہ توہین کرنے والے کا متاخرین مجتہدین کا اجماع ہے
جیسا کہ محیط اور خلاصۃ وفتاویٰ مالابدمنہ وماتریدی وتذکرۃ الابرار میں نقل ہے۔
تذکرۃ الابرار والاشرار میں ہے کہ جس نے نبی ﷺ کی شان میں توہین کی یا
عیب جوئی کی یا اہانت کی دینی امر میں یا آپ کی ذات میں یا آپ کی ذات کے
اوصاف میں سے ایک وصف کے خواہ یہ بدگوئی کہنے والا حضور کی امت سے ہو
یا اہل کتاب میں سے خواہ وہ ذمی ہو یا حربی اور عیب جوئی کرنے والے نے
قصداً یا سہواً کی ہو یا غفلت کی وجہ کوشش یا مسخرہ کے طور پر تو وہ کافر ہوا اور ہمیشہ
کے لئے جہنم میں رہے گا اگر اس نے توبہ کی ہو تو اس سے توبہ قبول نہ کی جائے۔

اور شریعت مطہرہ میں متاخرین کے نزدیک اس پر اجماع ہے اور اکثر متقدمین
کا کہ اس شخص کو قتل کیا جائے۔ بادشاہ یا اس کا نائب کے لئے یا قاضی یا اس کے
نائب کے لئے یہ حکم ہے کہ اس شخص کو قتل کرے اور ملک کے والی اور تمام افسران
کے لئے یہ حکم ضروری ہے اور اس کے قتل کرنے میں غفلت نہ کرے بغیر شرعی عذر
کے اگر غفلت کیا تو یہی تمام لوگ توہین میں شامل ہیں اور یہ کفر ہے ۔ اور کفر پر
راضی ہونا بھی کفر ہے ایسا ہی حکم خلفاء ے راشدین کی توہین کرنے والوں
کے لئے بھی ہیں خصوصا شیخین رضی اللہ عنہما وغیرہ کی۔ فیروزیہ میں ہے کہ جس
نے حضور ﷺ کی توہین کی یا اہانت کی یا عیب جوئی کی دینی امر میں یا آپ
کی شخصیت پر یا آپ کے اصاف میں سے کسی وصف کے خواہ وہ بدگوئی کرنے
والا حضور ﷺ کی امت کی ہو یا اہل کتاب والوں میں سے ہو خواہ وہ ذمی ہو
یا حربی اور توہین یا عیب جوئی اس سے قصدا یا سھوا یا غفلت سے یا خود بخود یا
مسخرہ سے ہو تو وہ ہمیشہ کے لئے کافر ہوا۔ اگر اس نے توبہ کی تو ہمیشہ کے لئے
اس کا توبہ قبول نہ کیا جائے اور متاخرین کے نزدیک اجماع شریعت مطہر میں اور
اکثر متقدمیں کا حکم یہ ہے کہ اس کو قتل کیا جائے اور بادشاہ وقت یا اس کا نائب
اس کے قتل میں سستی نہ کرے اگر اس کے قتل میں خدام دینی مصلحت کی وجہ سے
جیسا کہ قضات وولات اور عمال ہوئے اگر اس کے قتل میں غفلت کرے تو

معلوم ہوا کہ وہ اس کے عیب جوئی اور توہین پر راضی ہیں تو یہ بھی کفر ہے اور کفر پر رضا بھی کفر ہے تو یہ تمام لوگ کافروں میں شامل ہوئے ایسا ہی گالی گلوچ خلفاء راشدین خصوصا شیخین کے حق میں کفر ہے یہ بحرالمحیط میں نقل کیا ہے اور جس نے چار خلفاء کو گالی گلوچ کسی سے سن لیا تو سنے والے پر گالی گلوچ کہنے والے کو قتل کیا جائے ۔ ایسا ہی فتاوی سمرقندی میں نقل ہوا ہے۔ اور رافضی شیخین کو گالی گلوچ کی وجہ سے کافر ہوتا ہے اور علی کرم اللہ وجہہ کو فضیلت کی وجہ سے کافر ہیں لیکن مبتدع ہے یہ فتاویٰ غیاشیہ میں بھی نقل ہے۔ اور جس نے بڑے بزرگ علماء یا بڑے سادات کے بزرگوں کو گی لی گلوچ دیں تو یہ بات حضور ﷺ کی طرف لوٹتی ہے تو اس کا قتل واجب ہے اور اس کا توبہ قبول نہ کیا جائے کیونکہ بڑے بزرگ علما اور بزرگ سادات کا رجوع حضور ﷺ کی طرف ہے یہ خزانۃ المفتین سے نقل کیا گیا ہے۔ چلپی میں بھی یہ نقل کیا گیا ہے۔ جان لو کہ جو صادر ہو جائے اس سے جو اہانت پر دلالت کرتا ہو قصدا و ارادۃ عام مسلمانوں سے تو اس شخص کا قتل واجب ہے۔ اور اس میں کسی کا خلاف نہیں اس زمانے میں۔ خزانۃ العلماء میں بھی درج ہے اور نووی شرح مسلم میں اور فتح العمیق نامی کتاب میں صرف اختلاف علماء کا اس بات میں ہے کہ یہ قتل اس اہانت کی وجہ سے ہے تو بعض نے کہا ہے کہ یہ کفر ہے اس وجہ سے کہ یہ توبہ کے بعد بھی کافر ہے کیونکہ

اس کا کفر ہمیشہ کے لئے ہے یہ حضور ﷺ کی تعظیم اور جلال اور اونچی شان کی وجہ سے ہے اور قتل کے بعد اس پر اہل اسلام کے احکام جاری نہیں ہوتے جو غسل اور نماز ہے اور مسلمانوں کے مقبرہ میں دفن کرنا ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ اس کا قتل حد کی وجہ سے ہے اور اس کے لئے توبہ کرنا نہیں ہے تو مطلب یہ ہوا کہ قتل سے اس کی خلاصی نہیں ہے اور نہ توبہ سے۔ ایسا ہی چلپی میں ذکر ہے۔ مطلب یہ ہے کہ اس کا تعلق بندے کے حق کے ساتھ ہے اور وہ حضور ﷺ ہیں۔ اور آپ کی شان کی تعظیم اور علو شان کی وجہ سے اس کا حق یہ ہے کہ اس کو قتل کیا جائے۔ اور بندے کا حق توبہ سے ساقط نہیں ہوتا جیسا کہ یہ تمام حقوق العباد میں داخل ہے نہ اس معنیٰ پر کہ ان کا ایمان مقبول نہیں توبہ کے بعد جیسا کہ بعض لوگ سوچتے ہیں تو ان کی عقل کی ان کی مدد نہیں کرتیں۔ نہ عقلا اور نہ نقلا میں یعنی وہ توبہ کے بعد مومن ہیں اللہ کے نزدیک لیکن ان سے قتل ساقط نہیں ہوگا اور قتل کے بعد ان پر اہل اسلام کے احکامات جاری ہو۔ شرح الاصول میں ہے کہ فتویٰ پہلے قول پر ہے کہ اس کو غسل نہ دیا جائے اور نہ اس پر نماز پڑھی جائے اور نہ مسلمانوں کے مقبرہ میں دفن کیا جائے اور بعض نے کہا ہے کہ اس کو کافروں کے مقبرہ میں دفن کرو اور اگر کافروں کا مقبرہ نہ ہو اہل اسلام کے شہروں میں تو اس کو ایسی جگہ دفن کیا جائے جس میں کوئی قبر نہ ہو اور یہ حضور ﷺ کی شان اور

تعظیم کی وجہ سے ہے تو اس کو سمجھو اور اسی بات کو یاد کرو اور اس کو غنیمت جانو
الاشباہ والنظائر میں ہے کہ ہر کافر اگر توبہ کرے اس کی توبہ قبول ہے۔ دنیا میں اور
آخرت میں بھی سوا کافروں کی جماعت جو حضور ﷺ کی توہین کرے یا دوسرے
انبیاء میں سے کسی نبی کے اور شیخین کو گالی گلوچ کہنے والا بھی یا کسی ایک کا یا سحر کی
وجہ سے اگرچہ عورت ہو اور زندقیت کا مرتکب ہو۔ تنویر الابصار میں ہے کہ اگر کوئی
مسلمان مرتد ہوا تو اس کی توبہ قبول ہے مگر اگر کوئی جماعت بار بار مرتد ہو جائے۔
یا حضور ﷺ کی یا نبیوں میں کسی نبی کی توہین کرے تو اس کو قتل کیا جائے
اور اس کی توبہ قبول نہ کی جائے۔ اس طرح شیخین کی توہین کرنے والوں کے لئے
یہی حکم ہے یا کسی ایک کی توہین کریں یا سحر کا مرتکب ہو اور یا عورت زندقہ ہو جائے
جب کہ ساحر سحر کا مرتکب ہو یا زندیق اگر اس کو توبہ سے قبل پکڑے اور اس نے توبہ
کی تو اس کی توبہ قبول نہیں کی جائی گی بلکہ اس کو قتل کیا جائے اور اگر توبہ کے بعد پکڑا
گیا تو اس کی توبہ قبول کی جائی گی۔ کتاب فج العمیق میں ہے کہ انبیا علیہم السلام کی
توہین کرنے کے متعلق دو مذہب ہیں متقدمین میں اور مذہب متاخرین کا اور جو
متقدمین کا مذہب ہے تو اس میں ان کا اختلاف کے تین اقوال ہیں۔ ان میں
سے پہلا قول یہ ہے ۔ کہ اس کی مطلق توبہ مقبول ہے خواہ وہ مسلمان ہو یا نہ تو اگر
توبہ کرے یا رجوع کرے تو اس کو قتل نہیں کرنا چاہیے۔ دوسرا قول یہ ہے کہ مطلق

انبیاء علیہم السلام میں سے کسی نبی کی توہین کی تو اس کو قتل کیا جائے اور اس کی توبہ قبول نہ کی جائے۔ تیسرا قول یہ ہے کہ اگر وہ مسلمان ہو تو اس کی توبہ قبول نہیں اور یہ جمہور سلف کا قول ہے جیسا کہ شفاء اور الدرر اور مواہب وغیرہ میں نقل ہے اور یہ مشہور اور ظاہر ہے اگرچہ وہ ذمی ہو تو امام شافعی کا قول ہے اور جو اس کی تابعداری کرنے والے ہیں اس کا خون حلال ہے اگر اس پر جبر کیا جائے اور اس نے توبہ نہ کی تو اس کو قتل کرنا واجب ہے ۔ امام ابوحنیفہؒ و امام ثوریؒ اور ان کے ماننے والوں کا یہ خیال ہے اس سب سے اس کو قتل نہ کرے بلکہ تعزیر اور سزا کے طور پر قتل کرے ۔ اور تمام متاخرین یہ کہتے ہیں کہ توہین کرنے والے کو قتل کرے اس میں کافر اور مسلمان کا فرق نہیں ہے اور اس سے توبہ قبول نہ کرے یہ سزا اس کو حضور علیہ السلام کی شان کی وجہ سے ہے ایسا ہی کتاب حسب المتیقن میں ہے ۔ اور علم الاصول میں یہ بات مقرر ہے کہ متاخرین کی اجماع متقدمین کا خلاف ختم کرتا ہے ۔ اور یہی بات مختار اور صحیح ہے امام اعظم کے قول میں بھی اور آپ کے اصحاب کے بھی تو اس فرمان میں کوئی خلاف نہیں اس بات میں کہ توہین کرنے والے کے قتل میں اور اس سے توبہ کو قبول نہ کرے۔ یہ تمام تفصیل میں نے مقالید الاسلام میں نقل کیا ہے۔
اور جس نے شیخین کو برا بھلا کہا یا ان کے حق میں طعن کیا اس کا قتل بھی واجب

ہے اور اس سے بھی عذر توبہ قبول نہیں اور اس بات کو صدر الشہید نے بھی نقل کیا ہے اور اس پر ابواللیث سمرقندی اور ابوالنصر الدبوسی نے عمل کیا ہے اور یہ فتوی میں مختار قول ہے فتح العمیق کا کلام ختم ہوا۔ خزانۃ العلماء میں نوازل سے اور امام نخشمی نے بھی نقل کیا ہے کہ ہمارا استاد شیخ الاسلام والمسلمین ابوالمعالم شمس الدین الدرانی اس بات میں کوشش کرتا کہ جو شیخین کے حق میں توہین کرے اس کو قتل کرنا چاہیے یا کسی نے ان کے حق میں ادب کو ملحوظ نہ رکھا جیسے کہ شیعہ لوگ کرتے ہیں جو دینی احکام کو نہیں سمجھتے اور فرمایا کہ اسی طرح حکم ہے کہ باقی دو خلفاء کے حق میں کوئی بکے یہاں تک فتویٰ دیا گیا ہے کہ اگر کوئی کہے کہ حضرت عثمان بے حمیت تھا یا حضرت علیؓ ہزال و بے باک تھا امام رشید الدین حافظ دہلوی نے فرمایا اس وقت جب کہ لوگوں نے اس سے سوال کیا تو اس نے جواب میں فرمایا کہ شیخین کے توہین کرنے والے کافر ہیں اور ختنین کو برا بھلا کہنا فسق ہے یہ مجتہد کے حق میں ہے تو جو مجتہد نہ ہو تو ان چار ائمہ خلفاء کے کسی کو برا اور بھلا کہنا کفر ہے۔ اور اس پر ہمارے علماء کی رائے ہیں۔ اور فرمایا کہ مجھے یہ بات واقع ہوئی کہ ان دونوں کے توہین فسق ہے اس میں لمبی بحث ہوئی اور مجھے بہت سے فتاویٰ میں یہ بات ظاہر ہوئی کہ اس کے مقابلہ میں بہت سے زیادہ روایات موجود ہیں۔ اس کے بعد میں نے اس کو کہا کہ اے عقل مند تم نہیں جانتے کہ بیوی کو گالی شوہر کے گالی کے مترادف

ہے اور بیٹے اور بیٹی کو گالی والد کے گالی کے برابر ہے تو ان دونو کو گالی دنیا یہ حضور ﷺ کو گالی دینے کے مترادف ہے۔ تو اس نے کچھ نہ کہا بلکہ میں نے اس کو جواب میں کہا کہ جان لو تو وہ چپ ہوا اور اس کا رنگ تبدیل ہوا۔ اس کے جانب میں جو لوگ موجود تھے وہ کھڑے ہو گئے اور مجھ پر اعتراض کیا اور مجھے کہا کہ کیا تم نے افک کو نہیں سنا ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر جنہوں نے اس میں حصہ لیا تھا کافروں کے ساتھ غزا میں تو حضور ﷺ نے افک کرنے والو کی تعزیر کی لیکن ان کے قتل کے نے کا حکم نہ دیا تو پھر بیوی کو برا بھلا شوہر کے برا بھلا کے برابر کس طرح ہے۔ اگر بات اس طرح ہوتی تو ان پر کفر کا حکم لازم ہوتا۔ اور ان کو قتل کیا جاتا ۔ جس طرح کہ حکم حضور ﷺ کی توہین پر ہے تو میں نے جواب مین کہا کہ اے کم عقل تم اپنا زمانہ حضور ﷺ کے زمانہ پر قیاس نہ کرو کیونکہ اس وقت تابعدار مسلمانوں کی قلت تھی تو ان کے قتل کرنے پر وہ راضی نہ تھے اور ہمارے زمانہ میں یہ روایت ہے کہ جو کوئی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی توہین کرے وہ کافر ہے اس کے قتل پر حکم کیا جائے گا کیونکہ بیوی کو گالی دینا شوہر کو گالی دینے کر برابر ہے ۔ ایسا ہی مفاتیح الہدایہ میں نقل ہے یہ کلام خزانۃ العلماء میں درج ہے اس سے جاننا چاہیے کہ جو روایات نقل ہیں کہ شیخین رضی اللہ عنہما کی توہین کرنے والوں کو قتل نہ کیا جائے یا ختنین رضی اللہ عنہما کو اور ان کی توبہ

بھی مقبول ہے۔ ملا علی قاری اور حموی والرد المحتار وغیرہ میں محمول کیا ہے حضور ﷺ کے زمانہ پر ۔ اور جو روایات ہمارے زمانہ کے لئے ہیں کہ ان پر حکم قتل کیا جائے اور ان کے کے لئے حکم توہین نبی کا ہوگا یعنی اہانت یا گالی گلوچ خلفاء راشدین کو تو ان کے لئے بھی قتل کا حکم ہے اور ان کی توبہ بھی قبول نہ کی جائے کیونکہ ان کی توہین حضور ﷺ کی توہین کے برابر ہے جس طرح بیٹے کی توہین باپ کی توہین کے برابر ہے اور غلام کی اہانت اس کے آقاء کی اہانت کے برابر ہے۔ اس بات کو سمجھو اور غنیمت جانو پس اللہ تعالیٰ کے لئے حمد ہے جو رب العالمین ہے ۔ اگر کوئی یہ کہے کہ رد المحتار، حموی اور شرح الطحاوی وجامع الرموز وبرہنہ و بحر الرائق و چلپی وغیرہ میں ہے کہ حضور ﷺ کی توہین کرنے والے کا حکم مرتد کی طرح ہے۔ یعنی اس کی توبہ قبول بھی کی جائے اور اگر اس نے توبہ نہ کی تو پھر اس کو قتل کیا جائے ۔ یہ مذہب شافعی کا ہے اور جو کہتے ہیں کہ اس کی توبہ قبول نہیں صرف اس کو قتل کیا جائے گا یہ مذہب مالک کا ہے و احمد بن حنبل کا بھی ہے۔ تو یہ ان معتبرہ کتب کے مذہب کے خلاف ہے جو مذہب ابوحنیفہ اور اس کے ساتھیوں کا ہے تو ہم اس کے جواب میں یہ کہتے ہیں کہ یہ چار امام سلف سے ہیں اور یہ اختلاف سلف میں تھا جیسا کہ تم نے فتح العمیق و تذکرۃ الابرار و فیروزیہ و تحفۃ الصلحاء اور متاخرین سے معلوم ہے کہ ان تمام کا اس پر اجماع ہے کہ

اس کا قتل واجب ہے اور توبہ قبول نہیں جیسا کہ تم نے ان کتب کے بیان سے معلوم کیا اور علم اوصول کا یہ کلیہ بھی تم نے پڑھ لیا ہے کہ متاخرین کا اجماع متقدمین کے خلاف کو ختم کرتا ہے جیسا کہ تم نے فج العمیق کی عبارت سے معلوم کیا ہے۔ تو اس زمانہ میں کسی کا خلاف نہیں کہ اس کو قتل نہ کیا جائے اور یا اس کا توبہ قبول کرے۔ اور یہ تم نے عبارت تحفۃ الصلحاء سے معلوم کی اور خزانۃ العلماء میں بھی ہے۔ اور نووی شرح مسلم میں بھی ایسا ہی نقل ہے۔ ایسا ہی تحفۃ الصلحاء وزاد اللبیب میں ہے کہ اس میں کسی کا خلاف نہیں جیسا کہ تم نے پہلے بیان سے معلوم کیا۔ اگر کوئی کہے کہ ہم یہ نہیں مانتے کہ حکم توہین کرنے والے کا قتل ہے کیونکہ مسلم شریف کے دوسری جلد میں باب وجوب اتباع النبی ﷺ میں ہے کہ ایک ادمی انصار کے منافقین میں سے زبیر کے ساتھ جھگڑا کیا اور وہ حضور ﷺ کے چچا کا بیٹا تھا پانی کے پینے میں تو ان دونوں کا جھگڑا حضور ﷺ کے سامنے ہوا تو حضور ﷺ نے زبیر کو فرمایا کہ تم سیرابی کر دیا زبیر، پھر اپنے پڑوسی کو پانی دو تو انصاری غصہ ہوا اور کہا کہ یارسول اللہ یہ تمھارے پھوپھی کا بیٹا ہے تو حضور انور ﷺ کا چہرہ مبارک غصہ سے متغیر ہوا کہ اس نے حرمات نبوۃ کی توہین کی اور یہ کلام اس ادمی کا قبیح کلام تھا پھر فرمایا کہ زُبیر تم پانی سیرابی حاصل کرو پھر پانی کو بند کر دیہاں تک کہ پانی ٹخنوں تک ہو جائے علماء نے اندازہ

لگایا ہے کہ پانی زمین میں اس اندازہ تک اوپر ہو جائے اگر اس کا حکم قتل ہوتا تو حضور ﷺ قتل کو لازم جانتا لیکن آپ نے اس پر قتل کا حکم نہ دیا تو اس سے یہ سمجھنا چاہیے۔ کہ حکم اس طرح نہیں جس طرح تم کہتے ہو۔ امام نووی نے فرمایا اس سوال کے جواب کہ علماء نے فرمایا کہ اگر اس جیسا کلام کسی سے آج صادر ہو جائے جس طرح کہ انصاری سے صادر ہوا تھا تو یہ کفر ہے اور اس کا قتل واجب ہے اور رب حضور ﷺ نے اس کو اس لئے چھوڑ دیا کہ یہ اسلام کے ابتداء میں تھا تا کہ لوگوں کے دلوں میں الفت پیدا ہو اور آپ نے منافقین کی تکالیف پر صبر فرمایا اور آپ فرماتے کہ آسانی پیدا کرو سختی نہ بناؤ خوش رہو اور نفرت نہ کرو یہ امام نووی کا کلام تھا۔ ابن وہبان شارح منظومہ نے فرمایا کہ قنیہ میں ہے کہ اگر کسی نے یہ کہا کہ میں اپنے دین کی شفارش قبول نہیں کرونگا اگر چہ سفارش حضور ﷺ کیوں نہ ہو تو اس بات سے وہ کافر نہیں ہوتا بلکہ اس کو تعزیر دیا جائے گا اس لئے کہ اس پر شفاعت کے حق کا ترکی واجب نہیں یا غفلت۔ تو میں کہتا ہوں کہ یہ قول مرجوح ہے کہ نعوذ باللہ اس نے اقرار کیا اور اس تمام میں حضور ﷺ کی تنقیص ہے اور ہتک بھی ہے اور اہانت یہ کفر ہے اگر کسی کے کلام میں یہ پایا گیا تو اس کے کافر ہونے میں کوئی خلاف نہیں۔ خلاصۃ الفتاوی میں ہے اگر کسی نے شیخین کو برا بھلا کہا یا ان دونوں پر لعنت بھیجا تو وہ کافر ہوا اور

اگر علی کرم اللہ وجہہ کو فضیلت دیا ان دونوں پر تو کافر نہیں ہوتا بلکہ وہ مبتدع ہے۔ یہ ابن وہبان کا کلام ہے اور امام ابو حنیفہ نعمان بن ثابت کے مذہب پر ہے ہدایت السالکین میں ہے کہ جس نے حضور ﷺ کو برا بھلا کہا یا اہانت کی یا عیب جوئی کرے دینی امور پر یا آپ کی شخصیت میں یا آپ کی ذاتی اوصاف میں سے کسی وصف کے یہ اہانت کرنے والا خواہ آپ کی امت میں سے ہو یا اہل کتاب سے ہو یا ذمی ہو یا حربی اور یہ اہانت اس سے عمداً صادر ہو یا سہواً غفلت سے یا تمسخر کی وجہ سے تو یہ ہمیشہ کے لئے کافر ہوا اگر اس نے توبہ کی تو اس سے توبہ قبول نہ کیا جائے ہمیشہ کے لئے نہ اللہ کے نزدیک اور نہ لوگوں کے نزدیک اور اس کا حکم متاخرین مجتہدین کے اجماع کا ہے اور متقدمین کے نزدیک صرف قتل ہے بادشاہ یا اس کا نائب اس کے سزا میں تخفیف نہیں کر سکتا اس کے قتل میں (ص ۷۰) سیف المحلی میں ہے کہ اگر کسی نے یہ کہا کہ متون میں کہا گیا ہے کہ مرتد پر اسلام پیش کیا جائے پھر قتل کیا جائے اگرچہ اس نے توبہ کیا ہو میں کہتا ہوں اس سوال کے تین جوابات ہیں۔ ان میں سے پہلا جواب یہ ہے کہ مرتد کے بھی دو اقسام ہیں (۱) مرتد ہوا اہانت کی وجہ سے (۲) اور مرتد ہو بغیر اہانت کے تو پہلی قسم کے مرتد کی توبہ قبول نہیں کیا جاتا صرف اس کا قتل کرنا ہے دوسری قسم یہ ہے کہ توبہ کے بعد اس کو قتل نہ کیا جائے جیسا کہ بار بار نقل کیا گیا

اور بہت سی کتب نے اس پر تصریح کی ہے ۔ دوسری بات یہ ہے کہ اہانت کرنے والے کو حد کے طور پر قتل کیا جائے اور حدود توبہ سے ساقط نہیں ہوتے کیا تمہیں پتہ نہیں اگر کوئی نصاب کے انداز سے چوری کرے پھر چوری کے بعد توبہ کرے تو توبہ سے ہاتھ کا کاٹنا موقوف نہ ہوگا۔ اگر کسی نے محض زنا کیا اور زنا کار پکڑا گیا اس کے بعد اس نے توبہ کی تو رجم کا حق اس کے توبہ سے ساقط نہیں ہوسکتا۔ اس طرح اس پر درے اور قصاص بھی قیاس کیا جاسکتا ہے۔ تیسری قسم یہ ہے کہ اہانت بندے کا حق ہے اور بندے کا حق معاف نہیں کیا جاسکتا اور نہ توبہ سے قط ہوسکتا ہے۔ تفسیر مدارک قول اللہ تعالیٰ کے **الا الذین تابوا من قبل ان تقدروا علیهم فتسقط عنهم هذه الحدود لا ما هو حق العباد ۔ انتهی**۔ اگر وہ لوگ جنہوں نے توبہ کی یہ اس وقت ہے جب وہ اس پر قدرت نہ رکھتا ہو تو پھر یہ حدود ساقط ہوتے ہیں نہ کہ جو بندوں کے حقوق ہو وہ معاف نہیں ہوتے ایسا ہی تفسیر جلالین اور تفسیر منیر اور بیضاوی اور کشاف وابن جریر وخازن ونشاپوری وغیرہ نقل ہیں۔ اگر کسی نے کیا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ۔ **قل لعبادی الذین اسرفوا علی انفسهم لا تقنتوا من رحمة الله ان الله يغفر الذ**

نوب جمیعا۔ میرے بندوں سے کہدو کہ وہ جو اسراف کرتے ہیں اپنے آپ پر کہ تم ناامید نہ ہو اللہ کی رحمت سے اللہ تعالیٰ تمام گناہوں کو معاف کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ایک اور فرمان ہے۔ **انما التوبۃ علی الذین یعملون السوء بجہالۃ یتوبون عن قریب** بے شک توبہ ان لوگوں کا جو بڑتے ہیں جہالت سے پھر قریب گناہ کے توبہ کرتے ہیں۔ کسی نے کہا ہے کہ اس سے مراد غرغرہ ہے اس کے علاوہ اور دوسری آیات ہیں جو اس پر ناطق ہیں اور وہ عمومیت پر دلالت کرتی ہیں۔ صحیح احادیث میں بھی مروی ہیں تو تم کس طرح کہتے ہو کہ سابی کا توبہ قبول نہیں۔ اس کے جواب میں کہتا ہوں کہ اس کا جواب بار بار گزر چکا ہے کہ توہین حد کا سبب ہے اور حد توبہ سے ساقط نہیں ہوسکتا تو پھر توہین کرنے والا کس ایات میں داخل ہے یہ بات بھی ذکر کی گئی کہ بندے کا حق ساقط نہیں ہوسکتا توبہ سے تو یہ توبہ اللہ تعالیٰ کے حق کے ساتھ میقد ہوا اور یہ اس آیت کریمہ سے مقید ہوا وہ آیت کریمہ یہ ہے **الا الذین تابوا من قبل ان تقدروا علیہم** ۔ مگر وہ لوگ جو توبہ کرتے ہیں اس فعل کے قدرت سے پہلے تو قدرت کے ان کا توبہ قبول نہیں کیا جاتا۔ اگر کوئی یہ کہے کہ تمہارا یہ قول کہ توہین یہ بندے کا حق ہے تو یہ تمہارے اس قول کے ساتھ تناقض ہے کہ سب کرنے والے کا قتل یہ حد ہے

اور حد واضح کرتا ہے کہ یہ بندے کا حق ہے کیا تم متون کو نہیں جانتے کہ وہ حد کو جانتے تھے کہاں کا یہ قول کہ حد سزا ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کے حق کا مقدرہ ہے تو تعزیر اور قصاص یہ دونوں ایسا حد نہیں کیونکہ اس میں مقدر نہیں اول میں کیونکہ بندے کا دوسرے میں ہے میں کہتا ہوں کہ اس کے دو جوابات ہیں پہلا جواب یہ ہے کہ حد کی تعریف گزر چکی بعض فقہاء کے قول سے بعض کے نزدیک حد کی تعریف یہ ہے کہ یہ سزا ہے جو شریعت نے مقرر کی ہے جیسا کہ فتح القدیر میں ہے کہ تو یہ قصاص ہوا اور توہین کرنے والے کے لئے یہ حد ہے اگرچہ یہ بندے کا حق ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ کبھی حد جامع ہوتی ہے اللہ تعالیٰ کے حق اور بندے کے حق کو جیسا کہ حد قذف ہو تو ان دونوں میں فرق نہیں۔

دوسری قسم توہین کرنے والے کا قتل

فصل۔ توہین کرنے والے کا قتل: پھر اس کو حد کے طور سے قتل کیا جائے ہمارے نزدیک۔ تو توبہ قتل کو ساقط کرنے میں کوئی عمل نہیں کرتا وہ کہتے ہیں کہ یہ مذہب اہل کوفہ و امام کا ہے اور حضرت ابوبکر صدیق کے نزدیک اس کا قتل کرنا ہے۔ (فتح القدیر بغات ۴۸۳) خطابی نے فرمایا کہ میں نہیں جانتا کسی کو کہ کوئی اس بات میں مخالفت کرے کہ اس کا قتل واجب نہیں۔ اور جو اللہ

تعالیٰ کے حق میں قتل ہو جائے تو توبہ سے قتل ساقط ہو جائے گا۔ (فتح القدیر سیر ۷۸۳) شفاء قاضی عیاض میں ہمارے احناف کے نزدیک اس کو قتل کیا جائے اور اس کی توبہ قبول نہ کی جائے۔ تو جس نے انبیاء کی توہین کی یا ان میں سے کسی نبی کی تنقیص کی تو اسے قتل کیا جائے اور اس کی توبہ قبول نہ کی جائے۔ (شفاء)

